PAPER CODE - 5431

نہم کلاس 12018

ایجوکیشن | حصہ معروضی | وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 15

ہدایات: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1۔ "امام غزالی" تھے ایک (A) سیاست دان (B) مبلغ (C) ماہر نفسیات (D) ماہر تعلیم

2۔ غیر رسمی تعلیم کا سب سے بڑا ادارہ ہے (A) گھر (B) بازار (C) مسجد (D) محلہ

3۔ بے شک مجھے معلم بنا کر بھیجا گیا یہ ارشاد ہے (A) حضرت محمد ﷺ (B) علامہ اقبال" (C) امام غزالی" (D) حضرت علیؓ

4۔ علم التعلیم کے رخ ہیں۔ (A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

5۔ جو چیز تجربے اور مشاہدے میں آئے کہلاتی ہے (A) علم (B) سائنس (C) آرٹ (D) مذہب

6۔ جان ڈیوی ایک ماہر تعلیم ہے (A) افریقی (B) روسی (C) امریکی (D) برطانوی

7۔ کس نشوونما میں بچے کی دلچسپیوں میں اضافہ ہوتا ہے ؟ (A) لسانی (B) ذہنی (C) معاشرتی (D) جسمانی

8۔ نومولود صحت مند بچے کا وزن ہوتا ہے (A) ایک سے دو پونڈ (B) تین سے چار پونڈ (C) پانچ سے چھ پونڈ (D) سات سے آٹھ پونڈ

9۔ نشوونما سے مراد ہے ؟ (A) جسمانی تبدیلی (B) ذہنی تبدیلی (C) ماحولیاتی تبدیلی (D) فطری اور ماحولیاتی تبدیلیوں کا مجموعہ

10۔ نفسیات کی زبان میں تعلّم کہتے ہیں (A) آموزش (B) نصاب (C) نشوونما (D) تدریس

11۔ معاشرتی اختلافات کی اقسام ہیں (A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

12۔ ذہانت کے اختلافات کے درجات ہیں (A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھ

13۔ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن اجراء کرتی ہے (A) وظائف (B) اسناد (C) کتب (D) ان میں سے کوئی نہیں

14۔ معاشرے کی اکائی ہے (A) گھر (B) کمیونٹی (C) سکول (D) مسجد

15۔ سکول بچے کی تعلیم کی ذمہ داری سونپتا ہے (A) معاشرے کو (B) والدین کو (C) پڑوسیوں کو (D) استاد کو

www.taleem360.com

نہم کلاس 12018

ایجوکیشن

وقت=2 گھنٹے 10 منٹ
کل نمبر=60

حصہ انشائیہ

حصہ اول

نمبرشمار	سوالات	نمبرشمار	سوالات
سوال نمبر2	درج ذیل میں سے کوئی چھ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے 2x6=12		
۱	تعلیم کی تعریف کیجیے	۲	تعلیم کا اسلامی تصور بیان کیجیے
۳	امام غزالیؒ نے تعلیم کے مفہوم کی وضاحت کس طرح کی ہے ؟	۴	علم کی اہمیت سے متعلق دو احادیث بیان کیجیے
۵	نظریہ حیات سے کیا مراد ہے ؟	۶	غیر رسمی تعلیم سے کیا مراد ہے ؟
۷	کیا علم التعلیم ایک سائنسی مضمون ہے ؟	۸	ثقافتی ورثے کا تحفظ اور منتقلی سے کیا مراد ہے ؟
۹	علم التعلیم سے کیا مراد ہے ؟		
سوال نمبر3	درج ذیل میں سے کوئی چھ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے 2x6=12		
۱	جان ڈیوی نے معاشرتی زندگی کے بارے میں کیا کہا ہے ؟	۲	فرد کی چار ضروریات کے نام لکھیے
۳	رسول اکرم ﷺ کا چھوٹوں اور بڑوں کے بارے میں کیا حکم ہے ؟	۴	نشوونما کے ادوار کے نام لکھیے
۵	طفولیت کے دور میں جسمانی نشوونما کی خصوصیات کیا ہیں ؟	۶	بچپن کا دورانیہ کتنا ہوتا ہے ؟
۷	بلوغت پر مختصر نوٹ لکھیے	۸	بلوغت کے دور میں ذہنی نشوونما بیان کیجیے
۹	پیدائش کے وقت بچے کا وزن اور قد کتنا ہوتا ہے ؟		
سوال نمبر4	درج ذیل میں سے کوئی چھ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے 2x6=12		
۱	بچے کی جسمانی کیفیت تعلم پر کس طرح اثر انداز ہوتی ہے ؟	۲	تعلم کی تعریف لکھیے
۳	تعلم پر اثر انداز ہونے والے کوئی سے دو عوامل لکھیے	۴	گھریلو ماحول سے کیا مراد ہے ؟
۵	معاشرتی اختلافات سے کیا مراد ہے ؟	۶	سمعی و بصری معاونات کے مرکز پر نوٹ لکھیے
۷	ہائر ایجوکیشن کمیشن کا کیا کام ہے ؟	۸	سکول اور کمیونٹی کے تعلقات کے فروغ کے لئے دو اقدامات لکھیے
۹	تعلیم نے معاشرے میں کیا انقلاب برپا کیا ہے ؟		

حصہ دوم

نوٹ اس حصہ سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کیجیے 8 x 3 = 24

5-	تعلیم کا عمومی تصور بیان کیجیے
6-	علم التعلیم کا دائرہ کار بیان کیجیے
7-	بچپن عمر کا ایک اہم حصہ ہے اس کے دوران نشوونما کی کیا صورت حال ہوتی ہے ؟
8-	درج ذیل پر نوٹ لکھیے (i) ذہانت کے اختلافات (ii) جذباتی اختلافات
9-	تعلیم کے ساتھ ساتھ معاشرے کی تشکیل کے لئے سکول کا کردار تفصیلاً تحریر کیجیے

DGK-9-1-18

www.taleem360.com